PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ: 11 ستمبر 2026

# مون سون موسمی انتباہ [ایڈوائزری]

## پریس ریلیز

## خیبر پختونخوا میں کل سے 17 ستمبر کے دوران بارشوں، تیز ہواؤں اور گرج چمک کی پیشگوئی۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایت کردی

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری پیشگوئی کے پیش نظر صوبے کے متعلقہ اضلاع کی انتظامیہ کو الرٹ رہنے اور پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مون سون ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں جبکہ مغربی ہواؤں کا ایک سلسلہ بھی ہفتہ وار تعطیلات کے دوران بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے، جو 14 ستمبر کو مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق 12 سے 17 ستمبر کے دوران خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں وقفے وقفے سے بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، جبکہ بعض مقامات پر موسلادھار بارش اور ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے۔ متاثرہ اضلاع میں بالائی و زیریں چترال، بالائی و زیریں دیر، سوات، بار سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، بالائی وزیریں کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈی آئی خان، ٹانک، شمالی و جنوبی وزیرستان شامل ہیں۔

پی ڈی ایم اے کی جانب سے خبردار کیا جاتا ہے کہ 14 سے 17 ستمبر کے دوران بالائی وزیریں چترال، بالائی وزیریں دیر، سوات، بار سوات، کوہستان، شانگلہ، بٹگرام، بونیر، ملاکنڈ، مانسہرہ اور ایبٹ آباد کے علاقوں میں موسلادھار بارش کے باعث ندی نالوں میں طغیانی اور فلیش فلڈ کا خدشہ ہے جبکہ پشاور، مردان اور صوابی کے نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب کا خطرہ موجود ہے۔ پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا بھی امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ حساس علاقوں، کمزور مکانات اور آبادیوں میں پیشگی حفاظتی اقدامات کریں، شاہراہوں اور رابطہ سڑکوں کو کھلا رکھنے، نکاسی آب کے نظام کی صفائی، ہنگامی خدمات اور ضروری سامان کی دستیابی یقینی بنائیں۔ متعلقہ اداروں کو دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

پی ڈی ایم اے نے سیاحوں اور مسافروں کو موسمی صورتحال کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز اور خاص طور پر پہاڑی و سیاحتی علاقوں میں اضافی احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔ عوام کو ہدایت کی گئی ہے کہ بارش اور گرج چمک کے دوران محفوظ عمارتوں میں پناہ لیں، دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں سے محفوظ فاصلہ رکھیں اور سیلابی پانی میں داخل ہونے یا اسے عبور کرنے سے گریز کریں۔

پی ڈی ایم اے کا صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر صورتحال کی 24 گھنٹے نگرانی کر رہا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ناخوشگوار واقعے کی اطلاع پی ڈی ایم اے کی ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر دی جاسکتی ہے۔

**ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا**